The Absolute Reality

www.quran4u.com

Noble Quran الْقُرآن الْحَكِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) حضرت شاہ عبدِالقادر)) اردو ترجمہ بمعہ عربی

سورۃ الانشقاق

بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

.1	جب آسمان پھٹ جائے۔
.2	اور سن لے حکم اپنے رب کا، اور اسی لائق ہے۔
.3	اور جب زمین پھیلائی جائے،
.4	اور نکال ڈالے جو کچھ اس میں ہے، اور خالی ہو جائے،
.5	اور سن لے حکم اپنے رب کا اور اسی لائق ہے۔
.6	اے آدمی! تجھ کو بچنا (چلنا) ہے اپنے رب تک پہنچنے میں بچ بچ کر، پھر اس سے ملنا۔
.7	سو جس کو ملا لکھا اس کے داہنے ہاتھ میں،
.8	تو اس سے حساب لینا ہے آسان حساب۔
.9	اور پھر کر (لوٹ) آئے اپنے لوگوں پاس خوش وقت۔

اور جس کو ملا اس کا لکھا پیٹھ کے پیچھے سے،	.10
سو وہ پکارے گا موت موت،	.11
اور پہنچے گا آگ میں۔	.12
وہ رہا تھا اپنے گھر خوش وقت،	.13
اس نے خیال کیا کہ پھر (پلٹ) نہ جائے گا۔	.14
کیوں نہیں! اس کا رب اس کو دیکھتا تھا۔	.15
سو قسم کھاتا ہوں شام کی سُرخی کی،	.16
اور رات کی، اور جو اس میں سمٹتا ہے،	.17
اور چاند کی جب پورا ابھرے۔	.18
تم کو چڑھنا ہے درجے پر درجہ (رتبہ اعلیٰ)۔	.19
پھر کیا ہوا ہے ان کو یقین (ایمان) نہیں لاتے۔	.20
اور جب پڑھئیے ان پاس قرآن، سجدہ نہیں کرتے۔ (سجدہ)	.21
اُوپر سے یہ منکر جھٹلاتے ہیں۔	.22
اور اللہ خوب جانتا ہے جو اندر (دلوں میں) بھر رکھتے ہیں۔	.23

سو خوشی سُنا ان کو دکھ والی مار (عذاب) کی۔	.24
مگر جو یقین (ایمان) لائے ور کیں بھلائیں، ان کو نیگ (جزا) ہے بے انتہا۔ *********	.25

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com